www.iqbalkalmati.blogspot.com

# عجیب وغریب

# جنرل نالج

www.iqbalkalmati.blogspot.com

1: مکڑی اپنے جال میں اس لئے نہیں پھنستی کیوں کے
اس کے پاؤں میں ایک خاص قسم کی چکناہٹ ہوتی ہے۔

2: محمد ابن موسیٰ الخوارزمی ایک مسلم سائنس دان تھا جس
نے ہندسوں میں صفر کا اضافہ کیا۔

3: سانپ کے کان نہیں ہوتے اور زبان ایک ہوتی ہے
لیکن آگے سے دوشاخہ ہوتی ہے۔

4: لیوائزے (1743-1799) نے دریافت کیا کہ
پانی آکسیجن اور ہائیڈروجن سے مل کر بنتا ہے۔ اس نے
آکسیجن بھی دریافت کی۔

5: سادہ اور نمکین پانی میں پہلے سادہ پانی منجمد ہو جائے
گا۔

6: گلہری انڈے نہیں بچے دیتی ہے۔

7: جھاواں پتھر پانی میں نہیں ڈوبتا۔

8: ہمنگ برڈ پیچھے کی طرف اُڑتا ہے اور چل نہیں سکتا۔
دنیا کا سب سے چھوٹا جانور بھی ہے۔اس کا جسم قریباً 2 انچ
لمبا اور وزن 3 گرام ہوتا ہے۔

9: alimeter ایسا آلہ ہے جو ہوائی جہاز کی سطح سمندر
سے بلندی ناپنے کے کام آتا ہے۔

10: صفر مطلق درجہ حرارت 273C یا 0K کو کہتے ہیں
جو کہ انتہائی ٹھنڈا درجہ حرارت ہے۔ اسے Absolute
Zero بھی کہتے ہیں۔

11: سائنس میں ناپ کے یونٹ کو C.G.S کہا جاتا
ہے جس کے بنیادی یونٹ سینٹی میٹر، گرام، سیکنڈ ہیں۔

12: زمین کی سطح گہرائی تقریباً 32 کلومیٹر ہے۔

13: بھاری پانی بھی جھاگ دیتا ہے۔

14: چاند کی کشش کی وجہ سے سمندر میں مدو جزر اٹھتا
ہے۔ اگر چاند سورج کی روشنی کو منعکس کرنا بند کر دے تو

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہمیں قریباً 1.33 سیکنڈ بعد علم ہو گا۔

15: چاند پر بھی دن رات ہوتے ہیں اور چاند کا ایک دن اور ایک رات ہمارے دو ہفتوں کے برابر ہوتا ہے۔ چاند پر دن کو درجہ حرارت نقطہ جوش تک اور رات کو نقطہ انجماد تک پہنچ جاتا ہے۔ چاند پر خیالی سفر کی پہلی کتاب ایک یونانی لوکیان نے 120ء میں لکھی۔ چاند کی سطح پر منجمد جھیل کی موجودگی کا انکشاف 1996 میں ہوا۔ انسان نے جب چاند پر قدم رکھا اس وقت چاند کی تاریخ 5 جمادی الاول تھی۔ چاند پر سب سے پہلے کھیل گالف

کھیلا گیا۔ چاند کا ایک دہانہ مسلم سائنسدان البیرونی کے نام سے منسوب ہے۔ خلا پر سبزیاں اگانے کے پہلی کوشش روس نے کی۔ چاند کی اپنی روشنی نہیں ہوتی۔

16: کیلے کے درخت میں لکڑی نہیں ہوتی اور دنیا کا سب سے زیادہ کھایا جانے والا پھل کیلا ہے۔

17: کبوتر اور فاختہ دنیا میں امن کی علامت سمجھے جاتے ہیں۔

18: آب رنگ مصوری کا طریقہ سب سے پہلے چین میں تیسری صدی عیسوی میں استعمال کیا گیا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

19: Hydrosphere زمین کی سطح پر پانیوں کے ہر قسم کے مجموعہ کو کہتے ہیں۔

20: Optophone ایک ایسا آلہ ہے جس سے بینائی سے محروم لوگ اخبار و کتب پڑھ سکتے ہیں۔

21: چونٹی کے کاٹنے سے جلن فارمک ایسڈ کی وجہ سے ہوتی ہے۔

22: شہد کی مکھی کی 5 آنکھیں ہوتی ہیں۔

23: سر میں 8 ٹانگ میں 30 کہنی سے کلائی تک 2 ہاتھ میں 27 چہرے میں 2 ہڈیاں ہوتی ہیں۔ سب

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سے بڑی ہڈی ران کی اور ہاتھ میں سب سے زیادہ ہڈیاں
ہوتی ہیں۔

24: لاؤڈ سپیکر رائس کیلاگ نے 1924 میں ایجاد کیا۔

25: مچھلی کی بنیادی خوراک plnkton ہے جو پانی
میں قدرتی طور پر پیدا ہوتا ہے۔ Star Fish کی
ٹانگیں اگر کاٹ دیں تو وہ دوبارہ نمودار ہو جاتی ہیں۔ پلائس
ایک ایسی مچھلی ہے جس کی دونوں آنکھیں دائیں طرف
ہوتی ہیں۔ مچھلی کی گردن نہیں ہوتی۔ مچھلی دانتوں سے
صرف خوراک پکڑنے کا کام کرتی ہے اور خوراک کو نگل کر

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کھاتی ہے۔مچھلی fins کی مدد سے تیرتی ہے۔مچھلیوں

کے جسم کے اندر ایک ہوا کی تھیلی ہوتی ہے جس کو air

bladder کہتے ہیں۔رہو مچھلی 2-3 فٹ لمبی ہوتی

ہے۔مچھلیاں cold blooded ہوتی ہیں۔

26: جنگلات زمین کے 25% رقبے پر پھیلے ہوئے

ہیں اور 10% حصہ برف سے ڈھکا ہوا ہے۔

27: دودھ میں کریم 7% ہوتی ہے اور کریم میں مکھن

30-40%

28: بیرومیٹر سے ہوا کا دباؤ چیک کرتے ہیں یہ ٹوری

سیلی نے 1946 میں ایجاد کیا۔

29: پہلا موسمی سیارہ امریکہ نے چھوڑا جس کا نام ٹائیرس اول تھا۔

30: ہائیڈرجن بم اور کوبالٹ بم میں سے کوبالٹ بم زیادہ خطرناک ہے۔

31: منڈلاتے سیارے زمین سے تقریباً 35600km کی بلندی پر ہوتے ہیں۔

32: پانی کا قطرہ Surface Tention کی وجہ سے گول ہوتا ہے۔

33: ہاتھی کے دماغ کا وزن 11 پونڈ ہوتا ہے اور رفتار
30 میل فی گھنٹہ ہوتی ہے۔

34: جب ہم بولتے ہیں تو 70 عضلات حرکت کرتے
ہیں۔ انسانی جسم میں کل عضلات 639 ہیں۔

35: پھولوں کا بادشاہ گلاب کو اور پھولوں کی ملکہ گل
داؤدی کو کہتے ہیں۔

36: انسان کے دونوں پھیپھڑے برابر نہیں ہوتے
،دایاں بڑا ہوتا ہے۔

37: انسانی جسم میں پٹھے 621 ہوتے ہیں اور ہڈیاں

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

206 ہوتی ہیں۔انسانی جسم میں مساموں کی تعداد قریباً 25لاکھ ہے۔

38: اگر بحری جہاز خطرے میں ہو تو S.O.S کا نشان لہرایا جاتا ہے۔

39: بلب اور سینما مشین کا موجد ایڈیسن تھا جو ایک ہے۔ایڈیسن نے اپنا اخبار بھی جاری کیا۔

40: کرونومیٹر وقت ناپا جاتا ہے۔

41: Seismograph زلزلے کی قوت ناپنے کے کام آتا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

42: اسفنج ایک ایسا جانور ہے جس کے ہاتھ، پاؤں، کان
، ناک، منہ وغیرہ نہیں ہوتا اور یہ غسل خانہ میں بھی استعمال
ہوتا ہے۔ اسفنج کی ایک اقسام کے علاوہ باقی اقسام بحری
ہیں۔

43: نظام شمسی کا دسواں سیارہ ولکن ہے جو 1972 میں
دریافت ہوا۔ نیپچون ایک ایسا سیارہ ہے جو علم ریاضی کی مدد
سے دریافت ہوا۔ زحل ایسا سیارہ ہے جس کے گرد گیسوں
کا حلقہ بنا رہتا ہے۔ زہرہ سیارہ پر دن سب سے طویل ہوتا
ہے۔ زہرہ سب سے زیادہ چمکتا ہے۔ زہرہ ایک ایسا سیارہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

ہے جو چاند کی طرح گھٹتا بڑھتا ہے۔

44: اگر روشنی ایک دائرے میں سفر کرے تو ایک سیکنڈ میں زمین کے گرد ساڑھے سات چکر پورے کر لے گی۔

45: سوئی کا موجد حضرت ادریسؑ اور پل کا موجد حضرت یوسفؑ کو شمار کیا جاتا ہے۔

46: انسانی دماغ میں 90% پانی ہوتا ہے۔حرام مغز بھی سوچ سکتا ہے۔

47: کارٹون فلموں کا موجد walt disney ہے۔

48: T.V اور Radio میں سے T.V کی لہریں سیدھی چلتی ہیں اور جن لہروں سے T.V پر تصویر بنتی ہے

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

اسے Raster کہتے ہیں۔

49: سورج پر سب زیادہ ہائیڈروجن گیس پائی جاتی

ہے۔

50: شکرا ایک ایسا جانور ہے جو ہوا میں ساکت ہونے

کی صلاحیت رکھتا ہے۔

51: سر جیمز چیڈوک کو نیوٹران دریافت کرنے پر نوبل

انعام 1935 میں دیا گیا۔

52: گائے 24 گھنٹے میں سے 9 گھنٹے جگالی کرتی ہے۔

53: سب سے زیادہ آتش فشاں انڈونیشیا میں ہیں اس

کے علاوہ جاپان اور فلپائن میں بھی کثرت سے ہیں۔

54: پرندوں میں سب سے زیادہ عمر کوے کی ہوتی ہے۔

55: آکسیجن ہوا سے بھاری ہوتی ہے۔آکسیجن خود نہیں جلتی بلکہ جلنے میں مدد کرتی ہے۔

56: آلو میں 78% پانی ہوتا ہے۔اگر چھلے ہوئے آلوؤں کو دیر تک ابالا جائے تو حیاتین سی کا زیادہ حصہ ضائع ہو جاتا ہے۔

57: کیوی ایک ایسا پرندہ ہے جس کا انڈہ اس کے وزن کا چوتھائی حصہ ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

58: عام ماچس کی تیلی کا جلتے وقت درجہ حرارت قریباً

600ڈگری فارن ہائیٹ ہوتا ہے۔

59: سانپ 2 سال تک کھائے پیئے بغیر زندہ رہ سکتا

ہے۔

60: نارمل خون میں 7-10% گلوکوز ہوتا ہے۔

61: خلا بازوں کا لباس شیشے کے دھاگوں اور ریشوں

سے تیار ہوتا ہے۔

62: تیرتی ہوئی ناک کی اصطلاح شارک مچھلی کے لئے

استعمال کی جاتی ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

63: ہیرا جلایا جا سکتا ہے پگھلایا نہیں جا سکتا۔

64: انسانی جلد کی 3 تہیں ہوتی ہیں۔انسانی جلد کا وزن پورے جسم کا 16% ہوتی ہے۔

65: بچہ جب پیدا ہوتا ہے تو اس کے آنکھوں کا رنگ نیلا ہوتا ہے۔

66: کلورین وہ واحد گیس ہے جو سبزی مائل ہوتی ہے۔

67: کچھوا ایک منٹ میں 4.6 میٹر فاصلہ طے کرتا ہے اور ہرن 60 میل فی گھنٹہ فاصلہ طے کرتا ہے۔

68: جیومیٹری کے لغوی معنی زمین کی پیمائش ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

69: زرافہ منہ سے آواز نہیں نکال سکتا۔

70: اخباری کاغذ بانس کے گودے سے بنایا جاتا ہے۔

71: کوئل کا گھونسلا نہیں ہوتا اور دنیا کا سب سے بڑا گھونسلا ٹرمائس پرندہ بناتا ہے۔

72: موتیوں کا جزیرہ بحرین کو کہتے ہیں۔

73: ریڈیو 1901 میں اٹلی کے مارکونی نے ایجاد کیا۔

74: Sahara Desert یا صحرائے صحارا دنیا کا گرم ترین خطہ ہے۔

75: کشش ثقل 30 ہزار میل بلندی پر جا کر ختم ہو جاتی ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

76: چاند ایک سال میں زمین کے گرد 13 چکر مکمل کر لیتا ہے۔

77: نر مچھر کی زندگی عموماً 9 دن اور مادہ مچھر کی زندگی عموماً 30 دن ہوتی ہے۔

78: بالسا دنیا کی سب سے ہلکی لکڑی اور بلیک آئرن وڈ دنیا کی سب سے بھاری لکڑی ہے۔

79: آئن سٹائن 1879 کو جرمنی میں پیدا ہوا اور اسے نوبل انعام 1921 کو ملا۔ یہ ایسا سائنس دان تھا جسے بغیر کسی تجربہ کے نوبل انعام ملا۔ یہ وائلن بھی بہت اچھی بجا لیتا تھا۔

80: سٹین لیس سٹیل بنانے کے لئے لوہے کے ساتھ کرومیم ملایا جاتا ہے۔

81: فیوزلاج ہوائی جہاز کے اس حصے کو کہتے ہیں جہاں مسافر بیٹھتے ہیں۔

82: دنیا کا اوسط درجہ حرارت 59 ڈگری فارن ہائیٹ ہے۔

83: پٹرولیم اور پٹرول میں فرق یہ ہے کہ پٹرولیم خام شے ہے اس میں سے پٹرول حاصل کیا جاتا ہے۔ پٹرول جسم پر ٹھنڈا اس لئے لگتا ہے کیونکہ اس کی تبخیر ہوتی ہے۔

84: چھ ستاروں کے مجموعہ کو ثریا یا پروین کہا جاتا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

85: سب سے پہلا وٹامن دریافت ہوا۔ vitamin H کی کمی سے گنجے پن کی بیماری پیدا ہو جاتی ہے۔

86: دنیا کا سب سے پہلا ہیلی کاپٹر ہومر ہے جو روس کے پاس ہے۔

87: زمین پر سب سے زیادہ کاربوہیڈریٹ جو پایا جاتا ہے اس کا نام Cellulose ہے۔

88: انسان کے جسم کے دو حصے ناخن اور بال ایسے ہیں جو مرنے کے بعد بھی کچھ دیر تک بڑھتے رہتے ہیں اور آنکھیں 72 گھنٹے تک محفوظ رکھی جا سکتی ہیں۔

89: یورینیم، پلاٹونیم، ریڈیم، عوریم ایسی دھاتیں ہیں جو

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

سونے سے بھی مہنگی ہیں۔ پلاٹینم دنیا کی سب سے قیمتی

دھات ہے۔سونا پہلے دریافت ہوا چاندی بعد میں۔سب

سے ہلکی دھات lithiam ہے۔

90: ایک میل میں 1.6 کلومیٹر ہوتے ہیں۔

91: براعظم انٹارکٹکا 1821 میں بیلنگ شاسن نے

دریافت کیا۔

92: موٹر چلنے کی وجہ سے ایک زہریلی گیس پیدا ہوتی

ہے جسے کاربن مانو آکسائیڈ کہتے ہیں۔

93: کوئلہ اور ہیرا کاربن کی دو مختلف شکلیں ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

94: شیشے کے بنیادی اجزاء سوڈا، چونا، ریت ہیں۔

95: بارش کی مقدار ناپنے کے لئے ایک آلہ رین گیج استعمال کیا جاتا ہے۔

96: چمگادڑ ایک ایسا جانور ہے جو اُڑتا بھی ہے اور دودھ بھی دیتا ہے۔اس کو دیکھ کر انسان کے ذہن میں Radar بنانے کا خیال آیا۔ چمگادڑ کی آنکھیں نہیں ہوتی۔

97: سب سے پہلے دوا سازی کی دوکانیں عربوں نے قائم کیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

98: جارج ایسٹ مین ایک امریکی صنعتکار اور موجد تھا
جس نے رول فلم، کوڈک کیمرہ، رنگین فوٹوگرافی جیسی
ایجادات کیں۔

99: بلیڈ اور سیفٹی کا موجد Gillette تھا جس نے ریزر
1901 میں ایجاد کیا وہ امریکہ کا رہنے والا تھا۔

100: Geodesy وہ علم ہے جو زمین کے طول و
عرض، کمیت، وزن اور لچک کا مطالعہ کرتا ہے۔

101: Apolo7 پہلا انسان بردار خلائی راکٹ تھا
جس کی پرواز 11 اکتوبر 1968 میں ہوئی۔ اس میں

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

3انسان سوار تھے۔

102: ہینگ کی بو لہسن جیسی ہوتی ہے اور اصلی ہینگ کی پہچان یہ ہے کہ یہ آگ لگانے سے موم بتی کی طرح جلنے لگتی ہے۔

103: ہوا ایلیاس نے ایک گھڑی ساز کے کہنے پر پہلی سلائی مشین 1845 میں تیار کی جسے نمائش کے لئے رکھا گیا۔

104: پہلا ٹیلیفون ایکس چینج 1879 میں بنایا گیا جس سے 21 ٹیلی فون منسلک تھے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

105: Tape Record پاؤلسن نے 1898 میں ایجاد کیا۔ پاؤلسن کا تعلق ڈنمارک سے تھا۔

106: Cassatte سویڈن کی فلپس کمپنی نے متعارف کروائی۔

107: سمندر میں ٹیلیفون تار 1956 میں بچھائے گئے۔

108: رالف وتیج وڈ نے کاربن پیپر 1806 میں ایجاد کیا۔

109: Chester Charlson نے فوٹوسٹیٹ

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

مشین ایجاد کی اور پہلی فوٹو کاپی 22 اکتوبر 1938 کو نکالی گئی۔ پہلی فوٹو کاپی نیو یارک کے ایسٹوریا سے نکالی گئی۔

110: پہلا ویڈیو ٹیپ ریکارڈ امریکہ کی کمپنی ایمپلیکس نے 1956 میں بنایا۔

111: مواصلاتی سیاروں کے ذریعے ٹیلی فون کالوں کا آغاز 1962 میں ہوا۔

112: اڑن مچھلی 25 فٹ تک اُڑ سکتی ہے۔

113: مکمل طور پر الیکٹرانک ٹی وی سسٹم کا نظریہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

برطانیہ میں 1908 میں پیش کیا گیا۔

114: بیرڈ نے ٹی وی 1926 میں ایجاد کیا۔ دنیا کی پہلی ٹی وی سروس برلن ٹی وی سٹیشن سے 1935 میں شروع ہوئی اور یہ سروس ہفتے میں تین دن نشر ہوتی تھی۔

115: ٹیلی فون کو کمپیوٹر نیٹ ورک سے 1975 میں منسلک کیا گیا۔

116: کلائی پر باندھنے والی گھڑی 1790 میں ایجاد ہوئی۔

117: خشک کاغذ میں 10% پانی ہوتا ہے۔ ریڈیو بانڈ

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

ایک قسم کا کاغذ ہوتا ہے۔

118: ثعلب مصری ایک پودا ہے جس کے بیج سب سے چھوٹے ہوتے ہیں۔

119: Peri Scope ایک آلہ ہے جو آبدوز یں پانی سے باہر دیکھنے کے لئے استعمال کرتی ہیں۔

120: ہوا میں دو گیسیں سب سے زیادہ پائی جاتی ہیں آکسیجن اور نائٹروجن

121: ریشم کا کیڑا پوری زندگی میں 1000 گز ریشم پیدا کرتا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

122: برف جمانے کیلئے امونیا گیس استعمال کی جاتی ہے۔

123: پیدائش کے وقت بچے کی نبض کی رفتار 135 دھڑکن فی منٹ ہوتی ہے۔

124: آنسو گیس کسی گیس کا نام نہیں ہے۔

125: نارمل حالت میں انسان ایک منٹ میں 18 بار سانس لیتا ہے۔

126: اگر زمین سورج اور چاند کے بیچ میں آ جائے تو چاند گرہن ہوتا ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

128: گینڈے کا سینگ بالوں کا بنا ہوتا ہے۔

129: مرہم پٹی کا طریقہ ابن زکریا نے ایجاد کیا۔

130: type writer ہو فر تھامس نے ایجاد کیا۔

131: انسانی آنکھ کا وزن 7 گرام ہوتا ہے۔

132: بالوں میں سب سے زیادہ گندھک ہوتی ہے۔
بال کئی دھاتوں کا مجموعہ ہوتے ہیں۔

133: ناخن اور بال کاٹتے وقت ہمیں تکلیف اس لئے
نہیں ہوتی کہ اس میں حساس خلیے نہیں ہوتے۔

134: ایک تندرست انسان 24 گھنٹے میں تقریباً ڈیڑھ

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

سیر پیشاب کرتا ہے۔

135: نوری سال کی اصطلاح مارچ 1888ء میں استعمال کی گئی۔

136: ہیموگلوبن مردوں میں زیادہ ہوتی ہے۔

137: انسانی جسم میں خون کی رفتار 75 میل فی گھنٹہ ہوتی ہے۔

138: عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ نبض کی رفتار کم ہوتی ہے۔

139: انسانی دل کی لمبائی تقریباً 6 انچ ہوتی ہے۔

140: مینڈک ایسا جانور ہے جو 6 ماہ جاگتا اور 6 ماہ سوتا

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہے۔اس کے انگلیوں پر ناخن نہیں ہوتے۔پانچوں
انگلیوں کے درمیان جو جھلی ہوتی ہے وہ تیرنے میں مدد
دیتی ہے۔آنکھیں سر پر ہوتی ہیں۔دنیا کا سب سے چھوٹا
مینڈک برازیل میں پایا جاتا ہے جس کی لمبائی ایک سینٹی
میٹر سے بھی کم ہے۔مینڈک پچھلی ٹانگوں کی مدد سے
چھلانگ لگاتا ہے۔

141: سائنس کی عظیم ترین دریافت آکسیجن ہے۔

142: نوبل انعامات کا سلسلہ 1901ء سے جاری ہے
اور 3 سال نوبل انعام نہیں دیا گیا 1940-42 تک

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

دوسری عالمی جنگ کی وجہ سے۔ مادام کیوری اور آئرن

جیولٹ دونوں ماں بیٹی نے نوبل انعام حاصل کیا۔ مادام

کیوری نے ریڈیم دریافت کی۔

143: قدرتی گیس میں زیادہ مقدار میتھین گیس کی

ہوتی ہے۔

144: میگا سے مراد 10 لاکھ ہوتا ہے۔

145: عورت کی آواز کی frequency زیادہ ہوتی

ہے۔

146: Vitamin D دھوپ میں بیٹھنے سے بھی

اصل

حاصل ہوتا ہے۔

147: 600-1600ء تک کے دور کو مسلم

سائنسدانوں کا دور کہا جاتا ہے۔

149: انسانی جسم کا 70% حصہ پانی پر مشتمل ہوتا ہے۔

150: الماس کو انگریزی میں Diamond کہتے ہیں

۔یاقوت کو انگریزی میں Ruby کہتے ہیں۔

151: سرجری کی ابتداء مصر سے ہوئی۔

152: کیچوا ایسا جانور ہے جس میں نر اور مادہ دونوں کی

خصوصیت پائی جاتی ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

153: پیراشوٹ کا استعمال 1797ء میں ہوا۔

154: سیلولرز ایک کاربوہائیڈریٹ ہے جو کاغذ بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔

155: الومغرب میں عقل مندی کی اور مشرق میں نحوست کی علامت سمجھا جاتا ہے۔

156: انگوروں میں نارنارک ایسڈ اور لیموں میں سٹرک ایسڈ ہوتا ہے۔

157: فضا میں آبی بخارات 0.001% ہوتے ہیں۔

158: ہوائی جہاز دو بھائیوں آرویل رائٹ اور ولبر رائٹ نے 1903ء میں ایجاد کیا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

159: رسی بننے والی مشین کارٹ رائٹ نے 1792ء میں ایجاد کی۔

160: دنیا میں پہلا آنکھوں کا ہسپتال ماسکو (روس) میں بنایا گیا۔

161: چمگادڑ کی اوسط عمر 20 سال ہوتی ہے۔

162: انسان کے ایک گردے کا وزن قریباً آدھ پاؤ ہوتا

163: پیتل لوہے سے زیادہ پھیلتا ہے اور ایلومینیم پیتل کے مقابلے میں زیادہ پھیلتا ہے۔

164: تھرموسٹیٹ ٹمپریچر کو کنٹرول کرنے کے لئے

استعمال ہوتا ہے۔

165: الکوحل والے تھرمامیٹر سے ایک ہی وقت میں زیادہ اور کم سے کم ٹمپریچر معلوم کیا جا سکتا ہے۔

166: سمندری پانی میں اہم دھات MG میگنیشم پائی جاتی ہے۔ سمندر کی اوسط گہرائی 12500 فٹ ہے۔

167: ریڈار کو سمندر کے نیچے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

168: انسانی کان پر آواز کا اثر ختم ہونے کے بعد 1/10 سیکنڈ تک رہتا ہے۔

169: الٹرا ساؤنڈ کو جسم کے نرم گوشت والے حصے کو

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

دیکھنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے اور X-rays کو سخت

گوشت والے حصے کو دیکھنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

170: پنڈولم 1798ء میں ہنری کیونڈس نے ایجاد

کیا۔

171: شہتوت کا جولاہا ریشم کے کیڑے کو کہا جاتا ہے۔

172: Pericardial Fluid ایک ایسی رطوبت

ہے جو دل کو جھٹکوں اور خشک ہونے سے بچاتی ہے۔

173: آکسیجن پانی میں وزن کے لحاظ سے

88.8% ہے اور گیس کی حالت میں ہوا سے 1.1 گنا

بھاری ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

174: اوزون گیس زمین سے 25-30 کلومیٹر کی بلندی پر موجود ہے۔

175: ارسطو ایک یونانی تھا جس نے کہا کہ خون جگر میں پیدا ہوتا ہے۔

176: ٹیلی ویژن پر پہلی بار رنگین تصویر 1928ء میں دکھائی گئی اور سب سے پہلے ٹی وی سٹوڈیو بیئرڈ نے 1929 میں لندن میں بنایا۔ جان بیئرڈ نے ٹیلی وژن اور Nectovision (اس سے اندھیرے میں فوٹوگرافی ہونے لگی) ایجاد کیا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

177: پہلا بڑا اور عالمی ٹی وی پروگرام ملکہ ایلزبتھ کی
تخت نشینی کی تقریبات 1953 میں ٹیلی کاسٹ کی گئیں۔

178: امریکہ میں رنگین ٹی وی کی روزانہ نشریات
1940ء میں ڈاکٹر پیٹر کولڈ مارک نے ممکن کروائی۔

179: بلی رات کو الفاریڈ شعاعوں کی وجہ سے دیکھتی
ہے۔

180: دنیا کی پہلی حسابی مشین (جمع کرنے والی) پاسکل
نے 1642ء میں بنائی۔

181: پانی کے اندر خواس خمسہ میں سے انسان کی سننے کی

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

طاقت بڑھ جاتی ہے اور کم نظر آتا ہے۔

182: دودھ کے ایک کپ میں 228 ملی گرام کیلشیم ہوتا ہے۔دودھ کا ایک جزو کیسلین اونی دھاگہ بنانے کے کام آتا ہے۔

183: کیکڑا ایک ایسا جانور ہے جس کے دانت اس کے پیٹ میں ہوتے ہیں۔

184: جگنو ایک گوشت خور جانور ہے۔

185: ٹڈی ایسا جانور ہے جو اپنے وزن کے برابر کھا کر بھی بھوکا رہتا ہے۔

186: قطب جنوبی میں سورج سبز نظر آتا ہے۔

187: دودھ دینے والے جانوروں میں سب سے کم دودھ ہاتھی دیتا ہے۔

188: Pedology مٹی کے علم کہا جاتا ہے۔

189: سائنس کی سب سے پرانی شاخ فلکیات ہے ۔سائنس کا مطلب ''جاننا'' ہوتا ہے۔

190: ریڈیو اور ٹی وی کی لہروں کیلئے ہوا کی ضرورت نہیں ہوتی۔

191: بندر کا ایک دماغ پورے جسم کو کنڑول کرتا ہے اور

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

دوسرا دماغ دم کو کنٹرول کرتا ہے۔

192: مچھر کے منہ میں 22 دانت ہوتے ہیں۔

193: انسانی جسم میں سب سے کمزور ہڈی کالربون

ہے۔

194: شترمرغ ایک ایسا پرندہ ہے جس سے چمڑہ حاصل

کیا جاتا ہے۔

195: ریل کی ابتدا 1803ء میں ہوئی۔

196: انگلستان میں سب سے پہلے چھپنے والی

کتاب "فلسفیوں کے اقوال زریں" تھی جو 1477ء

میں چھپی۔

197: چھاپہ خانہ کا موجد کٹن برگ تھا۔

198: نیلی آنکھیں روشنی کے انعکاس کی وجہ سے نیلی نظر آتی ہیں اصل میں نہیں ہوتیں۔

199: ریفریجریٹر میں امونیا کے علاوہ سلفر ڈائی آکسائیڈ یا کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس ہوتی ہے۔

200: دنیا کا سب سے سست رفتار جانور گھونگا ہے جس کی رفتار 58 سینٹی میٹر فی گھنٹہ ہے۔

201: Infrared rays حرارت کی شعاعیں ہوتی

ہیں روشنی کی نہیں۔

202: بنولے کے تیل میں Hydrogen گیس گزرنے سے بناسپتی گھی تیار ہوتا ہے۔

203: سورج کی کشش زمین کے مقابلے میں 28 گنا زیادہ ہے۔

204: زیادہ سردی پڑنے سے پانی کے پائپ اس لئے پھٹتے ہیں کیونکہ پانی کا درجہ حرارت 4C سے کم ہو جائے تو وہ پھیلنے لگتا ہے۔

205: عقاب ایک گھنٹے میں زیادہ سے زیادہ 125 میل فی گھنٹہ سے پرواز کرسکتا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

206: عام مکھی اڑتے وقت ایک منٹ میں اپنے پروں کو 19800 بار اوپر نیچے کرتی ہے۔مکھیاں ایک وقت میں 150-500 انڈے دیتی ہیں۔

207: ہیلی کاپٹر کا موجد Sikrosky تھا جو 1880 میں پیدا ہوا۔

208: Platipus ایک ایسا جانور ہے جس کو ماہرین حیوانات نے ''عالم حیوانات کی پہیلی'' قرار دیا ہے۔

209: انسولین کا ٹیکہ بیٹنگ نے ایجاد کیا یہ کینڈا کا رہنے والا تھا۔اس کو نوبل انعام 1923 میں ملا۔

210: سب سے پہلے اینٹی بائیوٹک پنسلین دریافت ہوا

جس کی الیگزینڈر فلیمنگ نے 1928 میں دریافت کیا۔

211: بیسویں صدی کا سب سے بڑا کارنامہ انسان کی

تسخیر چاند کو تصور کیا جاتا ہے۔

212: زمین کے علاوہ زہرہ سیارہ پر آکسیجن کی کچھ

مقدار موجود ہے۔

213: اومنی بسوں کا آغاز برطانیہ میں 1903ء میں

ہوا۔

214: موٹر سائیکل کا آغاز 1885ء میں ہوا اور سب

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

سے پہلے موٹر سائیکل کا فریم لکڑی کا بنا تھا اور یہ پیڈل اور
بھاپ سے چلتی تھی۔ پہلی موٹر سائیکل کا موجد دو فرانسیسی
بھائی ارنسٹ اور پیری مشاکس تھے۔

215: Bicycle کا آغاز 1493ء میں ہوا۔

216: یورینیم سے کوئلے کی نسبت 10 ہزار گنا زیادہ
توانائی پیدا کی جاسکتی ہے۔

217: مریخ ایک ایسا سیارہ ہے جس کا چاند مغرب سے
نکل کر مغرب میں غروب ہوتا ہے۔

218: انسان چاند پر 21 جولائی 1969ء کو پہنچا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

خلا بازوں نے چاند پر 2 گھنٹے 40 منٹ چہل قدمی کی۔

219: یوئی گیگارین دنیا کا پہلا خلا باز تھا جو ماسکو کے
ایک نواحی قصبے میں پیدا ہوا اس نے 89 منٹ میں زمین
کے گرد چکر لگایا اس نے 1961 12April کو خلا میں
پرواز کی۔

220: کنول کے پھول میں سفید، سرخ، زرد، گلابی اور
نیلا رنگ ہوتا ہے۔ کنول کے پھول کا دوسرا نام نیلوفر ہے۔

221: سب سے پہلے دوربین ہینز برشے نے
1608ء میں بنائی۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

222: پانی ہر قسم کی آگ نہیں بجھا سکتا کیونکہ سوڈیم پانی میں جلتی ہے۔

223: پہلی مرسیڈیز 1901ء میں فرانس نے بنائی۔

224: بیرومیٹر سے ہوا کا دباؤ ناپنے کے علاوہ کسی جگہ کی بلندی معلوم بھی کی جاتی ہے۔

225: آٹا زیادہ باریک پیسنے سے اس کی غذائیت کم ہو جاتی ہے۔

226: 33 عیسوی سالوں بعد ایک ہجری سال زیادہ ہو جاتا ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

227: ہر سال چاند اور زمین میں قریباً 5 انچ کا فرق بڑھ
جاتا ہے۔

228: جرمنی کے ڈیملر نے پٹرول انجن کو پہلی بار موٹر
سائیکل پر 1885 میں آزمایا اور 1886 میں کا بنائی۔

229: 1758 lense میں ایجاد ہوا۔

230: Icecream بنانے والی مشین 1851ء میں
کوری نے ایجاد کی۔

231: چاول سب سے پہلے چین میں کاشت کیا گیا۔

232: جانوروں میں سب سے کم عمر چیونٹی کی ہوتی

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

ہے۔

233: سانس لینے کے دوران انسان carbon dioxide گیس چھوڑتا ہے اور oxygen اندر کرتا ہے۔ carbon dioxide ہوا سے 1.5 گنا وزنی ہوتی ہے۔

234: کچھوے کی اوسط عمر 120 سال ہے۔

235: Strabery ایک ایسا پھل ہے جس کے بیج اسکے چھلکے پر لگے ہوتے ہیں۔

236: وہیل ایک ایسا جانور ہے جو پانی میں بھی رہتی ہے اور دودھ بھی دیتی ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں: www.iqbalkalmati.blogspot.com

237: ڈولفن کو سمندر کا کھلاڑی کہا جاتا ہے۔

238: شترمرغ کا انڈا سب سے بڑا ہوتا ہے۔

239: 1657 clock میں ہائی جینسن نے ایجاد کیا۔

240: ڈبل نمونیا کو ڈبل نمونیا اس لئے کہتے ہیں کہ اس کا
اثر دونوں پھیپھڑوں پر ہوتا ہے۔

241: مریخ کا ایک سال ہمارے دوسالوں کے برابر
ہوتا ہے۔

242: ''بابائے جدید کمپیوٹر'' چارلز بابیج کو کہا جاتا ہے جو
کہ برطانیہ کا رہنے والا تھا۔

243: پہلا الیکٹرومکینیکل کمپیوٹر 1948 میں ایجاد ہوا

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

جس کا نام mark-1 رکھا گیا۔

244: IBM کا پہلا تجارتی کمپیوٹر 701 تھا۔

245: اینالاگ کمپیوٹر ڈیٹا کی پیمائش مسلسل عمل سے کرتا ہے اور یہ Temprature اور Speed کی پیمائش کرتا ہے۔

246: micro computer کے تین بنیادی حصے Input Unit اور CPU اور Output Unit ہیں۔

247: CU(Control Unit) ایک ایسا یونٹ ہے جو ٹریفک کے سپاہی کی طرح کام کرتا ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں: www.iqbalkalmati.blogspot.com

248: moniter کا دوسرا نام Video Display Unit ہے۔

249: ہندسی لحاظ سے 0 سے مراد off اور 1 سے مراد on ہوتا ہے۔

250: Unix سسٹم C لینگو ئج میں تیار کیا گیا ہے۔

251: Data کی تین اقسام ہیں

Alphanumaric,Alphabetic,Numeric

252: Basic اعلیٰ درجے کی جبکہ مشین لینگو ئج، اسمبلی لینگو ئج نچلے درجے کی لینگو ئج ہیں۔

253: Disk Platters سے مل کر بنی ہوتی ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

254: جارج سٹیفن نے ریلوے انجن 1825 میں ایجاد کیا۔

255: جیمز واٹ نے سٹیم انجن 1764ء میں ایجاد کیا۔

256: سانپ کی طرح مکڑی بھی اپنی کھال بدلتی ہے۔

257: ہوا کا وزن سب سے پہلے گلیلیو نے کیا۔

258: تھامس ایڈیسن دنیا کا سب سے بڑا موجد تھا جس نے 1300 ایجادات پیٹنٹ کرائیں۔ اس نے بلب بھی 1879 میں ایجاد کیا۔

259: انسانی دل کی دھڑکن کھڑے ہوئے زیادہ تیز

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

ہوتی ہے اور انسانی جسم کا درجہ حرارت صبح کے وقت کم ہوتا

ہے۔مرنے کے بعد انسانی دل 20 منٹ تک کام کرتا

ہے۔

260: کنگرو کی چھلانگ سب سے لمبی ہوتی ہے۔

261: خون میں 91% پانی ہوتا ہے۔

262: ایک جوان آدمی میں تقریباً 6 پونڈ خون ہوتا ہے۔

263: انسانی جسم میں سب سے سخت چیز دانتوں کے

اوپر کی پالش ہے۔

264: گھوڑا کھڑے کھڑے سو سکتا ہے اور بغیر کھائے

پیئے 25 دن تک زندہ رہ سکتا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

265: پرندوں کا بادشاہ شاہین کو کہا جاتا ہے۔

266: کنگرو کا تعلق آسٹریلیا سے ہے۔

267: Yak کے دودھ کی رنگت گلابی ہوتی ہے۔

268: خوشبو ناپنے کے لئے اوسمومیٹر ایک آلہ استعمال

ہوتا ہے۔

269: دنیا میں کبوتروں کی 279 اقسام ہیں۔

270: کوئل گھونسلہ نہیں بناتی۔

271: ناشپاتی کا درخت سب سے زیادہ پھل دیتا ہے

تقریباً 300 سال تک پھل دیتا ہے۔

272: مصنوعی سیارے کے ذریعے پہلی بار

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

1964 کے اولمپک کھیل (جاپان) ٹیلی کاسٹ کیئے تھے۔

273: Pitmam شارٹ ہینڈ میں 350 WPM اور گریک شارٹ ہینڈ میں 280 WPM لکھے گئے۔

274: چاند پر غروب آفتاب کا رنگ کالا ہوگا۔ چاند زمین کے گرد تقریباً 2 ہزار میل فی گھنٹہ کی رفتار سے گردش کرتا ہے۔

275: سانس لینے کی رفتار بچوں میں زیادہ ہوتی ہے۔

276: قرآن پاک کا نسخہ اپالو 15 کے ذریعے چاند پر

اُتارا گیا۔

277: فضا میں nitrogen گیس سب سے زیادہ پائی جاتی ہے۔

278: انجینئر بادشاہ شہنشاہ شاہجہان کو کہا جاتا ہے۔ یہ مغل بادشاہ تھا۔

279: کلائی پر باندھنے والی گھڑی 1887ء میں بنائی گئی۔ یہ خواتین کے لئے بنائی گئی تھی۔

280: ڈیجیٹل واچ 1971 میں جارج تھیئس اور ولی کریسڑی نے بنائی اور calculater watch 1978ء میں بنی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

281: پہلی واٹر پروف گھڑی امریکہ کی rolex کمپنی نے بنائی۔

282: شہد کی مکھیاں سرخ پھولوں کا رنگ اس لئے نہیں چوستیں کیونکہ وہ سرخ رنگ کے لئے کلر بلائنڈ ہیں۔

283: ”دن تارہ“ زہرہ کو کہا جاتا ہے کیونکہ یہ دن میں بھی نظر آتا ہے۔

284: ہیرے کے بعد سب سے سخت چیز کورنڈ ہے۔

285: اگر ابلتے ہوئے پانی کے نیچے آگ زیادہ کر دی جائے تو پانی کا درجہ حرارت مستقل رہے گا۔

286: بیکٹریا کی 3 اقسام ہوتی ہیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

287: Bios کا مطلب زندگی ہے۔

288: Logos کا مطلب بحث، غور و فکر، مطالعہ کے ہیں۔

289: Morphology جانداروں کی شکل اور ساخت کے مطالعہ کو کہتے ہیں۔

290: اگر دریا کے سطح پر برف جمی ہوئی ہو تو اس کے اندر جاندار زندہ رہ سکتے ہیں۔

291: بچے کی پیدائش کے وقت BCG کا ٹیکہ لگایا جاتا ہے۔ یہ ٹیکہ تپ دق سے بچاؤ کرتا ہے۔

292: خسرہ کے دانے ہلکے سلیٹی رنگ کے ہوتے

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہیں۔

293: تپ دق کا مرض تپ دق میں مبتلا گائے کا دودھ
پینے سے بھی ہو جاتا ہے۔

294: بیکٹر یا کا واحد بیکٹر یم ہے۔

295: آکسیجن انسانی جسم میں 65% ہوتی ہے،
کیلشیم 1.5% ،ہائیڈروجن 10%، فاسفورس 1.2%،
کلورین 0.15 ہوتی ہے۔

296: ہیرا خالص حالت میں بے رنگ ہوتا ہے۔ ہیرا
سخت ترین ہوتا ہے اور اس میں سے برقی رو نہیں گزر سکتی۔

297: سطح زمین سے 24-25km کی بلندی پر

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

ozone پائی جاتی ہے۔

298: کیلشیم کی کمی کی وجہ جسمانی پٹھوں میں درد پیدا ہوتا ہے۔ایک عام آدمی کو روزانہ 13-14 گرام کیلشیم درکار ہوتی ہے۔انجیر میں کیلشیم 8.05% ہوتا ہے۔

299: vitamin B میں قریباً 10 vitamin ہوتے ہیں۔اگر سبزیوں کو زیادہ پکایا جائے تو vitamin B1 ضائع ہو جاتا ہے۔اس کو thiamin بھی کہتے ہیں۔vit B2 کی کمی سے قد چھوٹا رہ جاتا ہے۔vit B2 کلیجی، گردوں، دودھ، پنیر، انڈے، گوشت، پالک، گیہوں میں پایا جاتا ہے۔ vit

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

vit B12 دانتوں اور مسوڑھوں کی تندرستی کے لئے ضروری ہے۔

300: فاسفورس کی کمی کی وجہ سے جسم کی اور سلفر کی کمی کی وجہ سے بالوں کی صحیح نشوونما رک جاتی ہے۔

301: خون کے جمنے میں vit K مددگار ہوتا ہے۔

302: vit C مالٹا، سنگترہ، چکوترا، امرود، آڑو، لیموں، کیلا میں پایا جاتا ہے۔

303: vit دو قسم کے ہوتے ہیں ایک روغنیات میں حل ہونے والے دوسرے پانی میں حل ہونے والے۔

304: بارہ سنگھے کے بچے کے جسم پر وقت پیدائش بھی

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

خوب فر ہوتی ہے۔

305: بنولے کا بیج کپاس کے پودے سے حاصل کیا جاتا ہے۔

306: کیوی کے انڈے 5 انچ لمبے ہوتے ہیں۔ کیوی کی آواز کیوی کیوی ہوتی ہے۔

307: سانپ آنکھ نہیں جھپکتا۔

308: جو پرندے اندھیرے غاروں میں رہتے ہیں وہ راستہ اپنی آواز کی گونج سے معلوم کرتے ہیں۔

309: صاف پانی میں روشنی 700 فٹ گہرائی تک پہنچ سکتی ہے۔ روشنی کی صحیح رفتار رومر نے معلوم کی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

310: فوٹو کا معنی روشنی ہوتا ہے۔

311: لہسن کی ایک پوتھی میں پانی کی مقدار
63.1% ہوتی ہے۔

312: دونوں جبڑوں کے آخری مولر کو عقل داڑھ کہتے
ہیں۔مولر چیزوں کے پیسنے اور چبانے کے کام آتے
ہیں۔

313: انجیر میں کلورین کی مقدار 7.1% ہوتی ہے۔

314: بدر چاند کی چودھویں کو کہتے ہیں۔

315: مریخ کے دو چاند ہیں۔

316: دودھ کے دانت بچوں میں 6-7 سال کی عمر میں

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

گرتے ہیں۔

317: گردوں کا کام زہریلے مادوں کا اخراج اور جسم میں پانی کی مقدار کو کنٹرول کرنا ہے۔

318: ایک پودے کے بڑے سسٹم، روٹ سسٹم، اور شوٹ سسٹم ہوتے ہیں۔

319: ماحول عربی زبان کا لفظ ہے۔

320: ایک ٹن میں 1000 کلوگرام ہوتے ہیں۔

321: volume کا یونٹ cubic centimeter ہوتا ہے۔

322: اگر دس لاکھ atoms کو لائین میں رکھیں تو ان

کی موٹائی انسانی بال کے برابر ہوگی۔

323: Ear drum کان کے پردہ کو کہتے ہیں۔

انسانی کان تین حصوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

324: شور کی polutions گائیں دودھ دینا بند کر

دیتی ہیں۔

325: زمین کا قطر تقریباً 12800 کلومیٹر ہے۔

326: crust زمین کے بیرونی خول کو

Mantle، کرسٹ کے نیچے والے حصے کو اور

Core زمین کے اندرونی یا مرکزی حصے کو کہتے ہیں۔

327: Crust زمین کا ٹھنڈا حصہ ہے اس کی اوسط

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

موٹائی 35km، مینٹل کی موٹائی 3000km ہے اور

انتہائی گرم ہے، Core کی موٹائی 3400km ہے اور

ٹمپریچر 5000C ہے۔

328: Crust ساخت کے اعتبار سے دو حصوں میں

تقسیم کیا جاتا ہے۔

329: ٹانکا لگانے کے لئے Acetylene گیس

استعمال کی جاتی ہے۔

330: protein کا لفظی معنی سب سے پہلے ہے۔

331: دنیا کا پہلا باقاعدہ ہسپتال بغداد میں قائم ہوا اور

اس کا نام بیمارستان رکھا گیا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

332: چاند کی روشنی ہم تک 1.33 تک پہنچتی ہے۔

333: روشنی اور بجلی کی رفتار یکساں ہوتی ہے۔

334: کنگ فشر ایک پرندہ ہے جو مچھلیوں کی ہڈیوں پر انڈے دیتا ہے۔

335: شیشہ لوہے سے زیادہ سخت ہے۔

336: جگنو اور دوسرے حیوانات و نباتات سے نکلنے والی روشنی کو سرد روشنی کہا جاتا ہے کیونکہ یہ بغیر حرارت کے پیدا ہوتی ہے۔

337: Magma زمین سے باہر آجائے تو اسے لاوا کہا جاتا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

338: سنگ مرمر اور چونے کا پتھر ایک ہی چیز ہے۔

339: ایک تندرست آدمی سکون کی حالت میں ہر سانس میں 500 مکعب سینٹی میٹر ہوا خارج کرتا ہے۔

340: سب سے پہلے فرانس کے ہنری موئیزان نے مصنوعی ہیرا 1893ء میں بنایا۔

341: انسانی جسم کا سب سے طاقتور حصہ دل ہے۔

342: کاکروچ کے خون کا رنگ سفید ہوتا ہے کیونکہ اس کے خون میں ہیموگلوبن کی بجائے کاپر ہوتا ہے۔

343: انسانی جسم میں ران کی ہڈی کے علاوہ بڑی ہڈی ریڑھ کی ہڈی ہوتی ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

344: گونگا جانور زرافہ کو کہا جاتا ہے اور اس کا خطرناک ترین دشمن شیر ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com